**Y-40-Z**

Roll No. ..................................

Total No. of Questions : **13**]

[Total No. of Printed Pages : **15**

# XIARJKUT23

# 9240-Z

# URDU

**Time : 3 Hours]**

**[Maximum Marks : 100**

حصہ "الف"

۱۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کو غور سے پڑھ کر اس کے آخر پر دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے۔ ۱۰

(الف) "اگرچہ میں نے پرانی روایتوں، ریتوں اور رسموں کو چھوڑ دیا ہے، میں چاہتا ہوں کہ ہندوستان ان تمام زنجیروں کو توڑ

دے، جن میں جکڑا ہوا ہے، جو اس کو آگے بڑھنے سے روکتی ہیں اور دیس میں رہنے والوں میں پھوٹ ڈالتی ہیں جو بہت سے لوگوں کے لئے بوجھ بنی ہوئی ہیں اور ان کو پھولنے پھلنے میں رکاوٹ ڈالتی ہیں۔ اگرچہ میں یہ سب چاہتا ہوں، پھر بھی میں یہ نہیں چاہتا کہ اپنے کو پرانی باتوں سے بالکل الگ کرلوں۔ مجھے اپنے اس عظیم ورثے پر فخر ہے جو ہمارا رہا ہے اور ہمارا ہی ہے۔''

سوالات:

(i) مصنف نے کیا کیا چھوڑ دیا ہے؟

(ii) ہندوستان کو کون سی زنجیریں توڑنی چاہئیں؟

(iii) مصنف کو کس چیز پر فخر ہے؟

(iv) پرانی روایتیں اور رسمیں کس میں رکاوٹ بن جاتی ہیں؟

(v) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کا مصنف کون ہے؟

(ب) ''اس کے پاس ایک خوبصورت سی کتاب تھی۔ چکنا چکنا موٹا کاغذ، نیلے کپڑے کی سبک سی جلد۔ پشتے پر سنہرے حرفوں میں لکھا ہوا ''حساب امانت'' اس کتاب میں یہ اپنا پیسے پیسے کا حساب لکھا کرتا تھا۔ جس کو کبھی کچھ دیا تھا سب اس میں درج تھا۔ کہیں کہیں کیفیت کے خانے میں بڑی دلچسپ باتیں لکھی تھیں۔ یہ سب بعد کو لکھی گئی تھیں۔ کسی یتیم کو پڑھنے کے لئے وظیفہ دیا تھا۔ ۱۵/ سال بعد کی تاریخ دے کر کیفیت کے خانے میں درج ہے۔ اب احمد آباد میں ڈاکٹر ہیں اور وہاں کے یتیم خانے کے ناظم۔''

سوالات :

(i) کتاب کی بناوٹ کیسی تھی اور جلد کا رنگ کیسا تھا ؟

(ii) کتاب کا نام کیا تھا اور کن حرفوں میں نام لکھا تھا ؟

(iii) کتاب میں وہ کیا لکھتا تھا ؟

(iv) جس یتیم کو وظیفہ دیا تھا وہ کیا بن گیا تھا ؟

(v) کتاب کے کس خانے میں دلچسپ باتیں لکھی تھیں ؟

۲۔ ''دعوت'' یا ''گدڑی کا لال نور خان'' کا خلاصہ لکھئے ۔ ۶

۳۔ صرف دو سوالات کے جواب لکھئے ۔ ۴

(i) نوفل اور حاتم کی دشمنی کا سبب کیا تھا ؟

(ii) پہلی بڑھیا کو کتنے ہزار اشرفی کی تھیلیاں ملی تھیں ؟

(iii) تجارت اور برآمدات کے علاوہ شاہراہِ ابریشم کی کیا اہمیت تھی؟

(iv) ڈراما ''محلے کی ہولی'' سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

۴۔ ''ڈاکٹر ذاکر حسین'' کے حالاتِ زندگی تحریر کیجیے۔ ۵

(یا)

''ڈراما نگاری'' کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

حصہ ''ب''

۵۔ درج ذیل اشعار میں سے صرف دو کی تشریح شاعر کے حوالے سے کیجیے۔ ۶

(i) آرسی دیکھ کر نہ ہو مغرور

خودنمائی نہ کر خدا سوں ڈر

(ii) شمع کی مانند ہم اس بزم میں

چشم تر آئے تھے دامن تر چلے

(iii) خوشبو ہے اگر خوشبو، تو آوارۂ صحرا

نغمہ ہے اگر نغمہ، تو پابند صدا ہے

(iv) جُز ترے کچھ نظر نہیں آتا

آرزو بن گئی مجسم کیا

(یا)

کسی ایک شعری جز کا مفہوم شاعر اور صنف شعر کے عنوان کے ساتھ لکھئے۔

(i) مرے نوجواں میں کہاں جاؤں پیر

نظر تو نے مجھ پر نہ کی بے نظیر

عجب بحرِ غم میں ڈبویا مجھے

غرض جان سے تو نے کھویا مجھے

عجب طرح کی شب تھی ہیہات وہ

قیامت کا دن تھا نہ تھی رات وہ

(ii) کہتا ہے ایک کیسی حماقت ہوئی ہے آج

کمبل تھا ایک گھر میں سو سائل کو دے دیا

کہتا ہے دوسرا کہ گیا ہو کے منفعل

سائل کی ڈب میں میں نے دیا مال جب دکھا

پردے میں زیرکی کے چھپاتا ہے بُخل یہ

اور بن کے بے وقوف جتاتا ہے وہ سخا

۶۔ میر دردؔ کی غزل گوئی کی خوبیاں بیان کیجئے۔ ۵

۷۔ نظم ''بنجارا نامہ'' کے مرکزی خیال کی وضاحت کیجئے۔ ۴

۸۔ ''غزل'' یا ''نظم نگاری'' پر نوٹ لکھئے۔ ۴

۹۔ درج ذیل اصطلاحات میں سے صرف دو کی تعریف مثالوں کے ساتھ کیجئے۔ ۶

(i) قافیہ۔

(ii) مقطع۔

(iii) قطعہ۔

(iv) حسن مطلع۔

(v) صنعت تجنیس۔

حصہ ''ج''

۱۰۔ دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر دو سو (۲۰۰) الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔

۱۵

(i) جنگ اور امن۔

(ii) ماحولیاتی تبدیلی کے اثرات۔

(iii) کشمیر کا جاڑا۔

۱۱۔ اپنے کسی دوست کو امتحان میں شاندار کامیابی حاصل کرنے پر مبارکبادی کا ایک خط لکھیے۔

۱۰

(یا)

اپنے کسی دوست کے والد کی دوکان پر نایاب کپڑوں کی سیل پر ایک اشتہار تحریر کیجیے۔

(یا)

آپ کو اسکول میں منائے گئے ''یومِ والدین'' کی تقریب کی اخباری رپورٹ تحریر کیجئے۔

حصہ ''د''

۱۲۔ صرف دو سوالات کے جواب لکھئے۔ ۱۵

(i) فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات تحریر کیجئے۔

(ii) اردو زبان کے آغاز وارتقاء پر نوٹ لکھئے۔

(iii) اردو میں جدید نظم نگاری کا آغاز ''انجمن پنجاب اردو'' کے ذریعے ہوا۔ اس قول سے متعلق اپنی رائے ظاہر کیجئے۔

(iv) صفت، صفتِ ذاتی اور صفت نسبتی کی تعریفیں کیجئے اور مثالیں بھی دیجئے۔

۱۳۔ معروضی سوالات کے جوابات میں سے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

(i) بوڑھا اور بڑھیا جنگل میں کیا چُن رہے تھے؟ 1

(a) پتھر۔

(b) لکڑیاں۔

(c) چاول۔

(d) ریوڑیاں۔

(ii) مرزا فرحت اللہ بیگ کہاں پیدا ہوئے؟ 1

(a) سرینگر۔

(b) امرت سر۔

(c) دہلی۔

(d) حیدرآباد۔

(iii) سبق ''سلک روٹ'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟ 1

(a) عبدالغنی شیخ۔

(b) حبیب اللہ شیخ۔

(c) غلام احمد شیخ۔

(d) غلام نبی شیخ۔

(iv) پنڈت نہرو ہندوستان کے پہلے .................... تھے۔ 1

(a) صدر۔

(b) نائب صدر۔

(c) وزیر اعظم۔

(d) وزیر داخلہ۔

(v) غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں؟ 1

(a) مطلع۔

(b) مقطع۔

(c) حسن مطلع۔

(d) بیت الغزل۔

(vi) حکیم منظور کس سن میں پیدا ہوئے؟ 1

(a) ۱۹۳۶ء۔

(b) ۱۹۳۷ء۔

(c) ۱۹۳۸ء۔

(d) ۱۹۳۹ء۔

(vii) مثنوی ''سحرالبیان'' کس شاعر کی مشہور مثنوی ہے؟ 1

(a) دیاشنکرنسیم۔

(b) میرحسن۔

(c) میرتقی میر۔

(d) محمدرفیع سودا۔

(viii) ''خبردار'' کس قسم کا حرف ہے؟ 1

(a) عطف۔

(b) علت۔

(c) تنبیہ۔

(d) استفہام۔

(ix) ''رشید نے کُتے کو مارا'' اس جملے میں ''رشید'' کیا ہے؟ 1

(a) فاعل۔

(b) مفعول۔

(c) فعل۔

(d) صفت۔

(x) ''کالے بیل پر جھول ڈالی گئی'' اس جملے میں ''کالا'' کیا ہے؟ 1

(a) اسم۔

(b) فعل۔

(c) صفت۔

(d) حرف۔